


# اسلام ۲

## کا مکالمہ

EAST

MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM

عالمی معیار، مسلم اقدار

EAST MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM عالمی معیار، مسلم اقدار

# اسلامیات ۲

## اسلام کا مکالمہ


EAST
MONTESSORI & PRIMARY
CURRICULUM
عالمی معیار، مسلم اقدار

میں اسلام کا مکالمہ پڑھنے لگا ہوں

میرا نام __________________ ہے اور

میں __________________ جماعت میں ہوں

# دیباچہ







شکر ہے اللہ کا کہ جس نے ہمیں اسلام دیا۔ شکر ہے اس اللہ کا جس نے ہمیں قرآن دیا۔ اے اللہ! تیرا شکر ہے کہ تو نے ہمارے لیے بہت سے پیغمبر بھیجے خاص طور پر ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ۔

یہ کتنی اچھی بات ہے کہ میں مسلمان ہوں۔

ہم اس کتاب سے اسلام، قرآن، انبیاء کرام اور مسلمانوں کے بارے میں جانیں گے۔

اے اللہ! اس کتاب کو سمجھنے میں میری مدد فرما۔ اس کتاب کی تمام دلچسپ مشقیں اور سرگرمیاں میرے لیے آسان فرمادے۔ میری خواہش ہے کہ میں اس کتاب سے کچھ عربی اور نماز کے بارے میں بھی سیکھ سکوں۔ اے اللہ! اس سلسلے میں میری مدد فرما کہ میں پانچ وقت کی نماز پابندی سے ادا کرسکوں اور ایک اچھا مسلمان بننے میں میری مدد فرما۔

# فہرست









| | | |
|---|---|---|
| ۱ | اللہ قدرت والا ہے | 1 to 3 |
| ۲ | اللہ ہمیں طاقت دیتا ہے | 4 to 7 |
| ۳ | میں حاضر ہوں | 8 to 11 |
| ۴ | آؤ اپنی دولت کو پاک کریں! | 12 to 15 |
| ۵ | روزہ ایک دلچسپ عبادت | 16 to 19 |
| ۶ | ایک کتاب | 20 to 23 |
| ۷ | ایک مچھلی انہیں نگل گئی | 24 to 27 |
| ۸ | ہم ان سے محبت کرتے ہیں | 28 to 31 |
| ۹ | فرمان پیغمبر خدا ﷺ کے | 32 to 35 |
| ۱۰ | کہانی نیک لڑکے کی | 36 to 39 |
| ۱۱ | عظیم فرشتے وہ کون ہیں | 40 to 43 |
| ۱۲ | نماز | 44 to 47 |
| ۱۳ | نماز کے اوقات | 48 to 51 |



EAST
MONTESSORI & PRIMARY
CURRICULUM
عالمی معیار مسلم اقدار



سبق نمبر ۳

# میں حاضر ہوں!

کعبہ اللہ کا گھر ہے۔ مسلمان بڑے شوق سے کعبہ جاتے ہیں۔
وہ خاص طور پر حج کرنے کے لیے وہاں جاتے ہیں۔

EAST
MONTESSORI & PRIMARY
CURRICULUM

حج میں مسلمان اللہ سے دعا کرتے ہیں اور اللہ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔
تمام دنیا سے مسلمان حج کے لیے کعبۃ اللہ جاتے ہیں۔

عالمی معیار، مسلم اقدار

لوگ ایک دوسرے کو بڑے شوق سے حج کے بارے میں بتاتے ہیں۔

حج کے دوران مسلمان اللہ سے کہتے ہیں کہ:


"میں حاضر ہوں!
اے اللہ میں حاضر ہوں!"


حاجی حج کے دنوں میں مچھلی کا شکار کر سکتے ہیں۔
مگر زمین پر رہنے والے جانوروں کو نہیں مار سکتے۔

تمام دنیا کے مسلمان حج کے بعد عید
مناتے ہیں۔ وہ عید پر بکرے، بھیڑ یا
گائے کی قربانی بھی کرتے ہیں۔

اللہ کے نبی ﷺ کا آخری حج حجتہ الوداع
کہلاتا ہے۔انھوں نے حج کے بعد سر
کے بال کٹوائے تھے۔

EAST
MONTESSORI & PRIMARY
CURRICULUM
عالمی معیار، مسلم اقدار






حج کے دوران مسلمان ایک خاص دعا پڑھتے ہیں جو یہ ہے۔

**لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ**
**اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَتَ لَکَ وَالْمُلْکَ۔ لَا شَرِیْکَ لَکَ**

یہاں اس دعا کے الفاظ کے معنی دیئے جا رہے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| **لَبَّیْکَ** | : | میں حاضر ہوں۔ |
| **اَللّٰھُمَّ** | : | اے اللہ |
| **لَا شَرِیْکَ** | : | اس کا کوئی شریک نہیں |
| **لَکَ** | : | آپ جیسا یا آپ کا۔ |
| **اِنَّ الْحَمْدَ** | : | بے شک تمام تعریفیں آپ ہی کے لیے ہیں۔ |
| **وَالنِّعْمَتَ لَکَ** | : | میرے پاس جو کچھ بھی ہے وہ آپ ہی کی عطا ہے۔ |
| **الْمُلْکَ ہ** | : | تمام دنیا کے مالک آپ ہی ہیں۔ |

EAST MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM
عالمی معیار، مستند



## درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔

لَبَّیْکَ ________________________

اَللّٰھُمَّ ________________________

لَبَّیْکَ ________________________

لَا شَرِیْکَ لَکَ ________________________

لَبَّیْکَ ________________________

اِنَّ الْحَمْدَ ________________________

وَالنِّعْمَتَ لَکَ ________________________

اَلْمُلْکَ ہ ________________________


لَا شَرِیْکَ لَکَ ________________________

EAST MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM

## مکمل دُعا اور اُردو ترجمہ پڑھیں۔



مسلمان حج کے لیے جو لباس پہنتے ہیں
وہ احرام کہلاتا ہے۔ اور ایسا نظر آتا ہے۔



# اسلام کا مکالمہ

اسلام کی حقیقت کا اس سے زیادہ واضح اور مدلل ثبوت کیا ہوگا کہ صدیوں سے ہر خطہ اور ہر عہد کے لوگوں نے اسے سمجھا اور قبول کیا ہے۔

ہند کے دانشوروں سے لے کر جنوبی افریقہ کے چرواہوں تک۔ افغانستان کے پرشکوہ سرداروں سے لے کر ملائیشیا میں پام کی کاشت کرنے والے سادہ لوح کاشت کاروں تک۔ لوگوں نے اس پیغام کو سنا اور اس سے اپنی روح کو حقیقی خوشی سے ہم کنار کرلیا۔

سادگی میں ایک خوبصورتی پائی جاتی ہے۔ اسلام کے پیغام کا اصل حسن اس کے سادہ طرزِ بیاں میں پنہاں ہے۔

اسلام کا پیغام بچوں کو دینا تو اور بھی آسان ہے تو آیئے گھٹنوں کے بل جھک کر، "جنت کے پھولوں" * کے قریب آجایئے اور اسلام کا پیغام انھیں دے دیجیے۔

یہ کتاب "اسلام کا مکالمہ" نہایت سادہ بات چیت کے انداز میں اسلام کے بنیادی اصولوں کا احاطہ کرتی ہے۔

قرآن پاک، سنت، احادیث اور اخلاقیات اس کتاب کی بنیاد ہیں۔ تو آیئے بیٹھیے اور چہروں پر مسکراہٹ لیے نہایت ادب اور احترام کے ساتھ اس کتاب کو پڑھنے کی ابتدا کیجیے۔

* حضور ﷺ نے بچوں کو "جنت کے پھول" قرار دیا ہے۔

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل، فوٹو کاپی،
محفوظ یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔
پاکستان میں شائع کی گئی۔

EAST
MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM
عالمی معیار، مسلم اقدار

ہیڈ آفس:
B-29، بلاک 3، گلشنِ اقبال، کراچی۔
021-34990387, +92 335 2030338
http://east.education

کراچی: 021-34970331, +92 334 2343488
لاہور: 042-37111256, +92 312 4685035
اسلام آباد: +92 333 8752228
سیالکوٹ: +92 335 4479245
فیصل آباد: +92 300 9667645
ملتان: +92 334 6126479